# Directorate of Administration
# University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk


No: ______________/DA/FMMC

Date: _____/_08_/2023

## کرایہ داری برائے تندور

## سربمہر پیشکشوں کی طلبی

## جامعہ پشاور

جامعہ پشاور کیمپس کی پرائم لوکیشنز پر واقع تندور عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 15.08.2023 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش مورخہ 15.08.2023 تک دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہو گی۔

شرائط و ضوابط اور تندور کے بارے میں مزید تفصیل جامعہ پشاور کے ویب سائٹ www.uop.edu.pk یا ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن خیبر ہاؤس، نزد کافی شاپ بازار یونیورسٹی کیمپس پشاور سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

کنوینئر

فوڈ اینڈ مارکیٹ منیجمنٹ کمیٹی، جامعہ پشاور

Directorate of Administration
University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk

No: ______________/DA/FMMC

Date: _____/_08_/2023

## شرائط وضوابط برائے تندور کرایہ داری

جامعہ پشاور کیمپس کی پرائم لوکیشنز پر واقع تندور عرصہ تین سال کے لئے ماہانہ کرایہ بمعہ سالانہ دس فیصد اضافہ پر مستند اور مطلوبہ میدان میں تجربہ رکھنے والی پارٹیوں سے بذریعہ سربمہر بولی دستیاب ہیں۔ دلچسپی رکھنے والے افراد یا فرم مورخہ 15.08.2023 تک دفتری اوقات کار میں مطلوبہ جگہیں ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | لوکیشن بمعہ قسم | رقبہ (sq.ft) | کم سے کم بولی |
|---|---|---|---|
| 1. | تندور مدینہ مارکیٹ، جامعہ پشاور کیمپس | 1462 | 36550روپے |

1. اگر بولی دہندہ فنانشل پیشکش کی شرائط و ضوابط پر پورا اترنے میں ناکام رہا تو بڈ سیکورٹی / زرضمانت ضبط کرلی جائے گی۔
2. جمع کرائی گئیں پیشکش / بڈز مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری سے مشروط ہوں گی۔
3. سائٹ کے لیے ہر لحاظ سے مکمل اور سربمہر الگ فارم (سائٹ کا نام لفافے کے اوپری بائیں کونے پر واضح تحریر کر کے ) ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن خیبر ہاؤس نزد کافی شاپ بازار جامعہ پشاور کیمپس کو جمع کرانا ہو گی۔ بولی دہندگان کو مطلوبہ دستاویزات بمعہ قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور نیشنل ٹیکس نمبر سرٹیفیکیٹ کے جمع کرانا ہوں گی۔
4. خواہشمند افراد/فرم مندرجہ ذیل کاغذات / دستاویزات سربمہر لفافے میں جمع کروائے گا۔ مطلوبہ معیار پر پورا نہ اترنے والی پارٹی کی آفر مسترد کر دی جائے گی۔

I. مطلوبہ میدان میں پانچ سالہ تجربہ کا سرٹیفیکیٹ فراہم کرنا ہو گا۔ تجربے کی تصدیقی سند جس ادارے میں خدمات فراہم کی ہوں اس ادارے کے مجاز افسر کی طرف سے جاری کردہ ہو گا۔ اگر

عوامی جگہ پر خدمات فراہم کی ہوں تو مطلوبہ علاقے کے چیئرمین لوکل کونسل سے تصدیقی سند لینا ہوگا۔ تصدیقی سند میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ درخواست کنندہ نے مطلوبہ خدمات احسن طریقے سے سرانجام دی ہیں۔ مستند تعلیمی اداروں میں مطلوبہ خدمات فراہم کرنے والے تجربہ کار افراد کو پہلی ترجیح دی جائے گی۔

II. درخواست گزار اس بات کی بیان حلفی جمع کروائے گا کہ اس کو کسی بھی سرکاری ادارے کی طرف سے بلیک لسٹ نہیں کیا گیا ہے اور نہ ہی وہ جامعہ پشاور کے ساتھ کسی قسم کے تنازعے میں ملوث ہے۔

III. درخواست گزار اپنے متعلقہ تھانے سے نیک چال چلن کی تصدیقی سند جمع کروائے گا۔

5. سربمہر پیشکش کیلئے رجسٹریشن فارم ڈائریکٹریٹ آف ایڈمنسٹریشن سے مبلغ دو ہزار روپے بطور پروسسنگ فیس نیشنل بینک یونیورسٹی کیمپس برانچ کے اکاؤنٹ نمبر 3-6290 میں ادائیگی پر دفتری اوقات میں حاصل کی جا سکتی ہیں۔ بینک رسید رجسٹریشن فارم کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے۔
6. ہر لحاظ سے مکمل سربمہر پیشکش بمعہ دو لاکھ روپے زرضمانت (قابل واپسی) پے آرڈر / بینک ڈرافٹ بنام ٹریژرر جامعہ پشاور مورخہ 15.08.2023 تک دفتری اوقات کار میں جمع کرانا ہوگی۔
7. نامکمل فارم یا آخری تاریخ کے بعد جمع ہونے والی فارم / پیشکش قابل قبول نہ ہوگی۔
8. ناکام امیدوار کو زرضمانت نیلام کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ زیادہ پیشکش سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زرضمانت بحق جامعہ پشاور ضبط ہوگا اور دوسرے نمبر پر پیشکش کرنے والے کی بولی منظوری کے لئے بھیج دی جائے گی۔ دوسرے نمبر پر آنے والے امیدوار کی زرضمانت کامیاب امیدوار کے ساتھ معاہدہ ہونے تک واپس نہیں کی جائے گی۔
9. کامیاب بولی دہندہ 6 ماہ کا کرایہ بطور زرضمانت جمع کروانے کا پابند ہوگا جس کے بعد مفصل معاہدہ ہوگا۔ ماہانہ کرایہ میں سالانہ 10 فیصد اضافہ ہوگا۔

**اہم نوٹ:**

**چونکہ کامیاب بولی دہندہ تندور میں فوڈ کمیٹی کے منظور شدہ رعایتی نرخ وصول کرنے کا پابند ہوگا اس لیے تمام امیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ بولی دینے سے پہلے جامعہ پشاور کے منظور شدہ رعایتی نرخوں کے بارے میں اگاہی حاصل کرے۔**

کنوینئر

فوڈ اینڈ مارکیٹ منیجمنٹ کمیٹی، جامعہ پشاور

# Directorate of Administration
# University of Peshawar

Telephone No. +92-91-9222208
+92-91-9222279
Ext: 3019, 3150
Email: administration@uop.edu.pk

No: _____________/DA/FMMC

Date: _____/_08_/2023

## رجسٹریشن فارم

1. نام: ____________________________________________

2. ولدیت: ____________________________________________

3. شناختی کارڈ نمبر: ____________________________________________

4. پتہ برائے خط وکتابت: ____________________________________________

5. فون نمبر: ______________________________

6. درخواست برائے: ______________________________

7. کال ڈپازٹ نمبر: ______________________________

8. ماہانہ کرایہ کی پیشکش: ______________________________

فارم کے ساتھ منسلک شرائط مجھے منظور ہیں۔

دستخط: ____________________